Paper Code Number: 4022	2025 (1st-A) انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارہویں)	رول نمبر

اردو (لازمی)	پرچہ۔دوسرا	گروپ۔دوسرا	معروضی	وقت 20 منٹ	کل نمبر = 20

سوال نمبر 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	جنگ بلقان و طرابلس کب ہوئی؟	1912ء میں	1915ء میں	1918ء میں	1921ء میں
2	مولوی نذیر احمد، ____ سے فارغ التحصیل تھے۔	علی گڑھ کالج	دلی کالج	امرتسر کالج	گورنمنٹ کالج
3	سبق "محنت پسند خردمند" کی صنف ہے۔	مضمون	افسانہ	تمثیل	انشائیہ
4	موبائل ٹیلی فون کا دوسرا نام ہے۔	ہیڈ فون	کار فون	گراموفون	ایئر فون
5	بیگم اختر ریاض الدین کی بیٹی کا نام تھا۔	فرناز	شہناز	گلناز	ناز

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

6	تم نے اخبار "جنگ" ____	دیکھی	دیکھا	دیکھیں	دیکھے
7	یہ عورت ____ گاتی ہے۔	اچھی	اچھے	اچھا	اچھا اچھا
8	احمد نے کتاب، کاپی اور قلم ____	خریدا	خریدے	خریدیں	خریدی
9	وہ محنتی ہے ____ ذہین نہیں۔	تاکہ	مگر	کیوں کہ	اگر
10	میں نے یہاں کے آم میٹھے ____	پائیں	پائی	پائے	پایا

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

11	جملہ معترضہ کے گرد لگاتے ہیں۔	واوین	قوسین	ختمہ	رابطہ
12	مختصرات کے درمیان علامت استعمال ہوتی ہے۔	؟	:	۔	-
13	قوسین کا دوسرا نام ہے۔	وقف لازم	خطوط وحدانی	وقف مطلق	وقف مطابق
14	وقفہ کی تعریف ہے۔	مختصر ٹھہراؤ	مکمل ٹھہراؤ	سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ	رابطہ سے زیادہ ٹھہراؤ
15	تفصیلیہ سے مراد ہے۔	وضاحت کرنا	جملے کو مکمل کرنا	جذبے کا اظہار کرنا	غصے کا اظہار کرنا

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

	سوالات	A	B	C	D
16	ہونا	تمھیں کیا ہوا ہے؟	پتے بکھرے ہوئے تھے۔	کاش! آج بارش ہو۔	یہ واقعہ کب ہوا؟
17	پانا	محنت کا پھل پاؤ گے۔	اچھے لوگ عزت پاتے ہیں۔	وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔	سوچو! کیا کھویا، کیا پایا؟
18	بیٹھ	بازار سے دہی لے آؤ۔	اب نے دے بند کرو۔	وہ سو روپے ادھار لے گیا۔	پولیس نے چور کو پکڑ لیا۔
19	لگنا	وہ تیز تیز قدم اٹھانے لگا۔	ٹی۔وی پر ڈرامہ لگ گیا۔	عدیل تمہارا کیا لگتا ہے؟	اسے جرمانہ لگ گیا۔
20	پڑنا	کاپی کہاں پڑی ہے؟	اسلم گر پڑا۔	وہ گھر پڑا رہا۔	اولے پڑ چکے ہیں۔

2025 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارہویں)

رول نمبر _____

اردو(لازمی) پرچہ۔دوسرا	گروپ۔دوسرا	انشائیہ	وقت= 2.40 گھنٹے	کل نمبر = 80

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 1 + 8**

گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اُس کا

ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 3 + 3 + 3**

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا
جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا
ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے
تیری آواز آ رہی ہے ابھی

حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ **15 = 2 + 3 + 10**

(الف) بنو امیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ اُنھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آگیا تھا۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیّور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مرفّہ الحال تھے، مگر انھوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑ رہیں۔ جب ان کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے۔ اسی میں الگ ایک کھنڈلا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلکا لیتیں کبھی میاں۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ **10 = 1 + 9**

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ نصاب میں شامل جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **05**

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **20**

(i) محسنِ انسانیت خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

(ii) والدین کا احترام (iii) سوشل میڈیا

7۔ اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھ کر ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے تجاویز دیں۔ **10**